سلسلہ تفسیر القرآن العظیم

خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ

# رُبَمَا

14

## چودھویں پارے/جزء کا مختصر تعارف

مضامین قرآن کا جامع و مختصر تعارف

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

Edition 2022
© Copyright Reserved جمیع الحقوق محفوظۃ

# چودھویں پارے/جزء"ربما"کا مختصر تعارف

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Waffaqahullaah

Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)
www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# نوٹ

قارئین کرام یہ کتاب حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ کے آڈیوس سے مفرغات کے قبیل سے ہے اور قارئین کی درخواست پر مفرغات کو کتابی شکل میں پیش کیا گیا ہے جگہ جگہ آپ کو اس کتاب میں بیان کا اسلوب نظر آئے گا جو کہ کتابی (نثر) اسلوب سے کچھ مختلف ہو گا اور نثری اسلوب سے ہم آہنگ نہیں ہو گا کیونکہ آپ بخوبی واقف ہیں کہ اسلوب خطابت اور اسلوب کتابت و نثر نگاری میں فرق پایا جاتا ہے۔

جزاک اللہ خیرا

بسم الله الرحمن الرحيم

رَبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ خَيْرُ الْمُنزِلِينَ

| چودھویں پارے (جــزء) کا مختصر تعارف |
| --- |
| "Para 14 – Rubama"- رُبَمَا |

اہل علم نے چودھویں پارے (14) "رُبَمَا" کو 16 یونٹس میں تقسیم کیا ہے جو حسبِ ذیل ہیں:

| یونٹس کے حساب سے پارہ نمبر 14 "رُبَمَا" کی آیات اور مضامین کی تقسیم | | | |
| --- | --- | --- | --- |
| یونٹس | آیات | | مضامین |
| سورۃ الحجر | | | |
| یونٹ نمبر:1 | 1 | 15 | ہر دو میں اللہ نے رسولوں اور نبیوں کو بھیجا اور اب قیامت تک کے لیے قرآن و احادیث محفوظ ہیں لھذا محمد ﷺ کے بعد اب کوئی نبی اور رسول آنے والے نہیں نہ ضرورت ہے، کافر تمنا کریں گے کہ کاش ہم بھی مسلمان ہوتے، کفار کی سرکشی کا ذکر کیا گیا، اللہ کے نبی ﷺ کو تسلی دی گئی، اگر آسمان کے تمام دروازے بھی کھول دیئے جائیں تب بھی یہ ایمان نہیں لائیں گے ۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:2 | 16 | 25 | آسمان کے ستاروں کا ذکر، کائنات میں پائے جانے والے خزانوں کا ذکر اور ان خزانوں کا اکیلا مالک اللہ تعالیٰ ہے، آسمان سے اللہ تعالیٰ پانی برساتے ہیں، زندگی اور موت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے، قیامت کے دن تمام کو جمع کرنے کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:3 | 26 | 48 | انسان کو کھنکھناتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا گیا آدم و ابلیس کا قصہ، جہنم اور جہنم کے دروازوں کا ذکر، جنت اور جنتیوں کا ذکر۔ |
| یونٹ نمبر:4 | 49 | 84 | نافرمان قوموں کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:5 | 85 | 99 | قرآن بار بار دہرائی جانے والی کتاب ہے، تمام کائنات کا خالق صرف اللہ ہے، قوم صالح کا مختصر ذکر، اللہ کے نبی کو جھٹلانے والوں کا عبرت ناک انجام کا ذکر، یقینِ کامل کا بیان۔ |
| سورۃ النحل | | | |
| یونٹ نمبر:6 | 1 | 2 | جو لوگ قیامت کے متمنی ہیں ان کی یہ تمنا عنقریب پوری کر دی جائے گی۔ وحی کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:7 | 3 | 16 | نعمتوں کا تفصیلی بیان۔ |
| یونٹ نمبر:8 | 17 | 21 | تمام نعمتوں کا خالق صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:9 | 22 | 35 | تقویٰ کی مدح اور تکبر کی مذمت۔ |
| یونٹ نمبر:10 | 36 | 50 | ہر قوم کے لیے رسول بھیجنے کا ذکر، قیامت قائم ہونے کا بیان، رسولوں کو جھٹلانے والوں کو سخت عذاب کی وعید، ہجرت کی اہمیت اور فضیلت بیان کی گئی۔ |
| یونٹ نمبر:11 | 51 | 65 | ابراہیم علیہ السلام علیہ السلام کا قصہ لوط علیہ السلام علیہ السلام اور قوم لوط کا ذکر کیا گیا، قوم لوط کے عذاب کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:12 | 66 | 89 | اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، ہر ایک سے اس کا حساب لیا جائے گا۔ |
| یونٹ نمبر:13 | 90 | 97 | مکارم الاخلاق کا بیان، قسموں اور عہد کو پورا کرنے کا حکم، اللہ جسے چاہے ہدایت دے اور جسے چاہے گمراہی دے، مرد ہو یا عورت عمل صالح کریں تو ان کو بہترین بدلہ عطا کیا جائے گا۔ |
| یونٹ نمبر:14 | 98 | 111 | قرآن پڑھنے سے پہلے تعوذ پڑھنے کا بیان، عربی زبان کی اہمیت، قرآن پر ایمان نہ لانے والوں کے لیے سخت عذاب، مرتد کا ذکر اور ان کے لیے سخت عذاب کی وعید، ہجرت کرنے والے صبر کرنے والے اور قتال کرنے والے اللہ کے پسندیدہ بندے ہیں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:15 | 112 | 119 | جو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا کفر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں عذاب کا مزہ چکھاتے ہیں۔ |
| یونٹ نمبر:16 | 120 | 128 | یہود کے لیے ہفتہ کے دن کو مقرر کرنے کی وجہ کا بیان، دین کی طرف موعظت وحکمت سے بلانے کا حکم، قصاص کا بیان۔ |

# سُورَةُ الحِجر

## SURAH AL-HIJR

| | | |
|---|---|---|
| The Rocky Tract | Tode | پتھریلے تودے |

"Place of Revelation" / مقام نزول-مکہ

**MAKKAH**

یہ سورت مکہ میں نازل ہوئی

## بعض اہداف "Few Objectives"

- اس سورت میں بتایا گیا کہ اللہ اپنے دین کی حفاظت کرنے والا ہے، وہ دشمن سے نہ ڈریں بلکہ دعوت و تبلیغ کے کام میں لگ جائیں۔[1]
- جب مکہ میں حق و باطل کی جنگ عروج پر ان سخت حالات میں یہ سورت کا نزول ہوا۔
- جب ابلیس نے بھی کہا کہ میں انسانوں کو گمراہ کردونگا تو اللہ نے کہا میرے نیک بندوں کا تو کچھ نہیں بگاڑ پائے گا۔ گویا اللہ نے اسلام، قرآن اور مسلمانوں کی حفاظت کی ذمہ داری لی ہے۔
- حجر مدینہ منورہ اور شام (سیریا) کے درمیان ایک وادی کا نام ہے جہاں قوم ثمود کا وجود ملتا ہے۔
- حجر "حَجَرَ" سے نکلا ہے کیونکہ یہ قوم چٹانوں کو تراش کر محلات بنانے میں ماہر تھی
- حجر کعبہ کی قربت کی وجہ بھی بتلائی گئی۔ واللہ اعلم!
- الحجر سے مراد وہ مقام ہے جہاں ثمود رہائش پذیر تھے۔ وہ چٹانوں میں گھر تراشا کرتے تھے، گویا کوئی طوفان، بجلی یا زلزلہ ان کا کچھ نہیں بگاڑ پائے گا۔۔(مزید تفصیل کے لیے تفسیر طبری ج/17 ص126)

[1] (مزید معلومات کے لیے اس کتاب کو ضرور پڑھیں-الدعوۃ إلی اللہ وأخلاق الدعاۃ:عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز)



ASK ISLAMPEDIA GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

## مناسبت / لطائف تفسیر

- سورہ یونس سے سورہ ابراہیم تک انبیاء کے نام سے سورت موسوم کی گئی جبکہ سورہ حجر سے سورہ کہف تک قوم کے حساب سے سورہ کا نام اور مضمون ملتا ہے یعنی کہیں داعی کا پہلو نمایاں ہے اور کہیں مدعو کا پہلو نمایاں ہے۔

### یونٹ نمبر1:

14 پارہ، سورۃ الحجر سورۃ نمبر 15 کی آیت نمبر 1 سے لیکر آیت نمبر 15 میں یہ بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ رسولوں کو بھیجتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کی سنت ہے قرآن مجید کو اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا اور صحیح احادیث بھی محفوظ ہیں تاکہ قیامت تک لوگوں کو رہنمائی حاصل ہوتی رہے، لیکن جن لوگوں کی کفر پر موت ہوتی ہے آخرت میں وہ کہیں گے کہ اے کاش ہم بھی مسلمان ہوتے چنانچہ قیامت کے دن ہر کافر کی یہی تمنا ہو گی، پھر اس کے بعد کفار کی سرکشی تکبر اور ضدہٹ دھرمی کا ذکر کیا گیا کفار و مشرک اللہ کے نبی ﷺ اور وحی کا استہزاء کیا کرتے تھے اور آپ ﷺ کو مجنوں کہا کرتے تھے ان سب باتوں کا جواب دیا جارہاہے، اور اللہ کے نبی ﷺ کو تسلی دی جارہی ہے اور کہا جارہاہے کہ اگر ان کے لیے آسمان کے تمام دروازے بھی کھول دیئے جائیں تب بھی یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے۔

## یونٹ نمبر1: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.1"

- قرآن سے متعلق مشرکین کا موقف اور ان کی سرکشی کا بیان (1-8)
- قرآن کی اللہ حفاظت کرنے والا ہے (9)

- گزشتہ امتوں کا اپنے نبیوں کو جھٹلانے کا بیان(15-10)

**یونٹ نمبر**2:

14 پارہ، سورۃ الحجر سورۃ نمبر 15 کی آیت نمبر 16 سے لیکر آیت نمبر 25 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ آسمان میں جتنے بھی ستارے ہیں وہ تمام کے تمام خوبصورت ہیں اور یہ اللہ کی طرف سے نشانیاں ہیں اگر کوئی ان میں غور و فکر کرے گا وہ عبرت کا سامان پائے گا، اور یہ بتایا گیا کہ تمام کائنات میں اللہ کے خزانے بکھرے ہوئے ہیں ان تمام خزانوں کا اللہ تعالیٰ اکیلا مالک ہے، اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی برساتے ہیں زندگی اور موت سب اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تمام لوگوں کو جمع کریگا وہ بڑی قدرت والا ہے۔

**یونٹ نمبر 2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2"**

- اللہ کی اپنے بندوں پر قدرت کا بیان اور اس کی نعمتوں کا ذکر(25-16)

**یونٹ نمبر**3:

14 پارہ، سورۃ الحجر سورۃ نمبر 15 کی آیت نمبر 26 سے لیکر آیت نمبر 48 میں یہ بتایا گیا کہ انسان کو کھنکھناتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا گیا، فرشتوں اور جنات کو حکم ہوا کہ آدم کا سجدہ کریں سوائے ابلیس کے تمام نے سجدہ کیا اس کے بعد ابلیس دھتکار دیا گیا قیامت تک اس پر لعنت اور جاری رہی گی، پھر ابلیس کی نافرمانی کا بیان ہورہا ہے ابلیس نے کہا کہ وہ نسل آدم میں ہر فرد کو بہکاتا رہے گا، پھر جہنم اور اس کے دروازوں کی تفصیل بتائی گئی ان دروازوں سے ابلیس کے پیروکاروں کو گزارا جائے گا جو مختلف گروہوں میں منقسم ہوں گے، پھر اس کے

بعد جنت کا ذکر کیا گیا اور بتایا گیا کہ جب جنتیوں کو جنت میں داخل کیا جائے گا تو ان کے سینوں کو کینہ اور کپٹ سے پاک کر دیا جائے گا پھر اس کے بعد ان کو جنت میں داخل کیا جائے گا۔

## یونٹ نمبر 3: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.3"

- انسان اور جنات کی تخلیق کا ذکر اور ملائکہ کے آدم کو سجدہ کرنے کا بیان (26–30)
- ابلیس کا انکار اور اس کے پیروکاروں کا انجام (31–44)
- متقین کے ثواب اور ان کے انجام کا بیان (45–50)

## یونٹ نمبر 4:

14 پارہ، سورۃ الحجر سورۃ نمبر 15 کی آیت نمبر 49 سے لیکر آیت نمبر 84 میں بتایا جارہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمان قومیں مثلاً قومِ ثمود، قومِ لوط، قومِ عاد اور اصحاب الایکہ درخت کے نیچے بیٹھ کر سازشیں کرنے والے نافرمانی کرنے والے اور شعیب علیہ السلام علیہ السلام کی قوم کا ذکر آیا ہے۔

## یونٹ نمبر 4: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.4"

- ابراھیم علیہ السلام کے مہمان اور لوط علیہ السلام کی قوم کے گھٹیا لوگوں کا انجام (51–77)
- اصحاب الأیکہ اور اصحاب حجر کا بیان (78–86)

**یونٹ نمبر5:**

14 پارہ، سورۃ الحجر سورۃ نمبر 15 کی آیت نمبر 85 سے لیکر آیت نمبر 99 میں بتایا گیا کہ سورۃ الفاتحہ سبع مثانی ہے یعنی بار بار دہرائی جانے والی سورۃ ہے اور اس کے بعد کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کا خالقِ حقیقی ہے وہ عدل و انصاف کرنے والا ہے اور ایک مقرر دن پر قیامت قائم ہو کر رہے گی، اس کے بعد قوم صالح کا ذکر کیا گیا جو ایک نافرمان قوم تھی اور یہ قوم اپنے نبی کو ایذا پہنچانے میں پیش پیش تھی اور اس کے بعد یہ کہا گیا ان لوگوں کا معاملہ تو بہت ہی برا ہونے والا جنہوں نے اللہ کے نبی ﷺ کی رسالت کی تکذیب کی اور آپ ﷺ کو جھٹلا یا یہاں پر کفار قریش، مشرکین کے ساتھ یہود و نصاریٰ بھی مراد ہیں اور اس کے بعد سورۃ کی آخر میں یقین کامل کا تفصیلی بیان ذکر کیا گیا۔

| یونٹ نمبر5: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.5" |
| --- |

- نبی ﷺ پر اللہ کا فضل اور آپ کے لئے بشارتیں۔(87-99)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# سُورَةُ النَّحلِ

## SURAH AN-NAHL

| The Bee | Shahed ki Makkhi | شہد کی مکھی |
|---|---|---|
| " Place of Revelation"/ مقام نزول-مکہ MAKKAH | | |
| یہ سورت مکہ میں نازل ہوئی | | |

## "Few Objectives" بعض اہداف

- اس سورت کا محور ہے:

توحید، بعث بعد الموت۔ وحی۔ اقامت حجت۔ کائناتی دلائل اور نعمتوں کی کثرت ، آلاء اللہ اور ایام اللہ کا امتزاج۔

- اس سورت کا ہدف ہے اللہ کی نعمتوں پر شکر بجالانا۔[1]
- اس سورت میں اللہ کی بے انتہا نعمتوں کا ذکر کیا گیا ہے

[1] (مزید معلومات کے لیے اس کتاب کو ضرور پڑھیں- شكر النعمة حقيقته وعلاماته الشيخ عبدالعزيز بن باز غفر الله له)

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

- اس سورت کا نام نحل اس لیے ہے کہ اس میں شہد کی مکھی کا بطور نعمت کے ذکر آیا ہے۔(آیت:68،69)[2]
- سورہ نحل میں دعوت اور جدال کا حکم دیا گیا، دعوت کا کام حکمت، موعظت حسنہ اور جدال احسن سے ہوتا ہے۔ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں تین طرح کے لوگ ہوتے ہیں: 1۔ حکمت سے سمجھنے والے لوگ، 2۔ موعظت حسنہ سے سمجھنے والے لوگ، 3۔ جدال سے سمجھنے والے لوگ، یا اتمام حجت کا مصداق بننے والے لوگ۔[3]
- اسلام دنیا میں مثبت تعمیر (positive development) سے نہیں روکتا بشرطیکہ وہ دائرہ اسلام سے نہ ٹکرائے۔

## مناسبت / لطائف تفسیر

- اس سے پہلے کی سورتوں میں کفار کی سازشوں اور عزائم کا ذکر ہے اس سورت میں انذار اور حق کے غلبہ کا بیان ہے۔

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

### یونٹ نمبر:6

14 پارہ، سورۃ النحل سورۃ نمبر 16 کی آیت نمبر 1 سے لیکر آیت نمبر 2 میں یہ بتایا جارہاہے کہ جو لوگ قیامت کی جلدی میں تو آپ ﷺ کہہ دیجئے کہ قیامت بہت نزدیک ہے اور یہ بھی

---

[2] (مزید تفصیل کے لیے دیکھیے تفسیر قرطبی ج/10/ص122)
[3] (دعوۃ غیر المسلمین-عبد الرزاق البدر العباد)

کہا گیا کہ جو لوگ قیامت کے دن کی تمنا کر رہے ہیں ان کی یہ تمنا پوری کر دی جائے گی، اس کے بعد وحی کا تعارف کرایا گیا۔

## یونٹ نمبر6: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.6"

- اللہ کی وحدانیت کی نشانیوں کا ذکر اور اس کی قدرت و انعامات کا تذکرہ(1-23)

### یونٹ نمبر7:

14 پارہ، سورۃ النحل سورۃ نمبر16 کی آیت نمبر3 سے لیکر آیت نمبر16 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ تمام عالموں کا خالق صرف اللہ ہے، اور انسان ایک قطرے سے پیدا کیا گیا اس کے باوجود وہ جھگڑالو بن گیا، یہ سورت اللہ تعالیٰ کے نعمتوں کو کھول کھول کر بیان کرنے والی سورت ہیں چوپائے اور دودھ دینے والے جانورں کا ذکر کیا گیا اور کہا کہ تم اس سے فائدے حاصل کرتے ہو اور کہا گیا کہ ہم تمہاری سواری کے لیے گھوڑے اور خچر پیدا کئے تم اس کے ذریعے راستے طئے کرتے ہو اور ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا گیا کہ تم کو سیدھے راستے پر چلنا ہے اور تقویٰ اور پرہیز گاری کو اختیار کئے رکھنا ہے یہی ہدایت یافتہ راستہ ہے، اور تمہارے فائدے کے لیے ہم آسمان سے پانی برساتے ہیں اور اس کے بعد کہا گیا ہم دن کو رات میں لے جاتے ہیں اور رات کو دن لے آتے ہیں تم سورج، چاند اور ستاروں سے روشنی اور گرمی حاصل کرتے ہو ہم نے سورج، چاند اور ستاروں کو اپنے اپنے مدار پر قائم کر رکھا ہے، کشتیوں کے ذریعے سمندر کے موجوں کو بھی ہم نے تمہارے قابو میں کر دیا اور سمندر کے جانوروں کو ہم نے تمہارا رزق بنادیا اور ہم نے پہاڑوں کو زمیں میں گاڑھ دیا تا کہ زمین تم ہلا نہ سکے۔

## یونٹ نمبر7: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.7"

ASKISLAMPEDIA GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

- اللہ کی وحدانیت کی نشانیوں کا ذکر اور اس کی قدرت وانعامات کا تذکرہ(1-23)

**یونٹ نمبر**8:

14 پارہ، سورۃ النحل سورۃ نمبر 16 کی آیت نمبر 17 سے لیکر آیت نمبر 21 میں بتایا جارہا ہے کہ تمام چیزوں کا خالق صرف اللہ ہے جو کچھ بیان کیا گیا اس کو مد نظر رکھ کر یہ سوال کیا جارہا کہ تم نصیحت حاصل کیوں نہیں کرتے ؟، اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو شمار بھی نہیں کر سکتے اللہ تعالیٰ تمہارے ظاہر اور باطن سب کچھ جانتا ہے۔

**یونٹ نمبر 8: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.8"**

- اللہ کی وحدانیت کی نشانیوں کا ذکر اور اس کی قدرت وانعامات کا تذکرہ(1-23)

**یونٹ نمبر**9:

14 پارہ، سورۃ النحل سورۃ نمبر 16 کی آیت نمبر 22 سے لیکر آیت نمبر 35 میں تکبر کی مذمت کی گئی اور تقویٰ کی مدح کی گئی، اور کہا گیا کہ تکبر کرنے والوں کو دردناک عذاب دیا جائے گا متقی اور پرہیز گار لوگ عیش وآرام سے رہیں گے۔

**یونٹ نمبر 9: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.9"**

- تکبر کرنے والوں کا دنیا اور آخرت میں انجام۔(24-29)
- قیامت کے دن متقیوں کا انجام(30-32)
- بعث بعد الموت کے بارے میں مشرکین کے بعض گمراہ خیالات۔(33-40)

**یونٹ نمبر10:**

14 پارہ، سورۃ النحل سورۃ نمبر16 کی آیت نمبر36 سے لیکر آیت نمبر50 میں بتایا گیا ہے کہ ہم نے ہر قوم میں رسول بھیجے اور کہا گیا کہ ایک دن قیامت قائم ہو کر رہے گی اور جو رسولوں کو جھٹلانے والے ہیں ان کو سخت ترین عذاب دیا جائے گا اور اس کے بعد ہجرت کی اہمیت اور فضیلت بیان کی گئی۔

| یونٹ نمبر10: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.10" |
|---|

- بعث بعد الموت کے بارے میں مشرکین کے بعض گمراہ خیالات۔(33-40)
- مہاجروں کا بدلہ(41-42)
- رسولوں کی حقیقت اور ان کی اہمیت(43-44)
- کافروں کے لئے دھمکی(45-48)
- ہر چیز کا اللہ کے لئے جھک جانا(49-50)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION

**یونٹ نمبر11:**

14 پارہ، سورۃ النحل سورۃ نمبر16 کی آیت نمبر 51 سے لیکر آیت نمبر65 میں اللہ تعالیٰ کی مزید نعمتوں کا ذکر بیان کیا گیا اور کہہ دیا گیا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا تمام جہانوں کا رب ہے، اور کہا گیا کہ ہر ایک سے اس کا حساب لیا جائے گا اور اس کو اپنے کئے کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا، اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ بندوں کو چھوٹ دیتا ہے مہلت دیتا ہے اگر اللہ تعالیٰ مہلت نہ دیتا تو زمین پر ایک انسان بھی باقی نہ رہتا، اور کہا گیا کہ ہم نے ہر دور میں رسول بھیجے لیکن شیطان نے انسانوں کو اپنی راہ پر لگا دیا۔

### یونٹ نمبر 11: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.11"

- مشرکین کے فاسد عقائد پر رد اور ان کے انجام کا ذکر (51-64)

### یونٹ نمبر 12:

14 پارہ، سورۃ النحل سورۃ نمبر 16 کی آیت نمبر 66 سے لیکر آیت نمبر 89 میں اللہ تعالیٰ نے مزید اور نعمتوں کا ذکر کیا۔

### یونٹ نمبر 12: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.12"

- اللہ کی بیش بہا نعمتیں جو اس کی قدرت پر دلالت کرتی ہیں اور مشرکین کا کفران نعمت کرنا (65-73)
- توحید عبودیت پر مثالیں۔(74-76)
- اللہ کی نعمتوں کا ذکر جو اس کے احاطہ علم اور اس کی قدرت کاملہ پر دلالت کرتی ہیں اور مشرکین کا کفران نعمت (77-83)
- قیامت کے دن کی ہولناکیوں کا ذکر (84-89)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

### یونٹ نمبر 13:

چودھواں پارہ، سورۃ النحل سورۃ نمبر 16 کی آیت نمبر 90 سے لیکر آیت نمبر 97 میں مکارم الاخلاق کا بیان ہے اللہ تعالیٰ نے قرابت داروں کے ساتھ عدل واحسان کا معاملہ کرنے کا حکم دیا اور سرکشی سے منع فرمایا، قسموں اور عہد وپیمان کو پورا کرنے کا حکم دیا، اللہ تعالی جسے چاہتا

ہے ہدایت عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے گمراہی میں ڈھکیل دیتا ہے، مرد ہو یا عورت جو کوئی بھی نیک عمل کرے اس کو اس کا بہترین بدلہ عطا کیا جائے گا۔

## یونٹ نمبر 13: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.13"

- مؤمنین کے لیے تعلیمات (90-96)
- صالح اعمال کرنے والے مومنین کے لیے حیات طیبہ کا وعدہ (97)

## یونٹ نمبر 14:

14 پارہ ، سورۃ النحل سورۃ نمبر 16 کی آیت نمبر 98 سے لیکر آیت نمبر 111 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ جب بھی قرآن پڑھنے کی ابتداء کرو تعوذ پڑھ لیا کرو، عربی زبان کی اہمیت کا تذکرہ، قرآن پر جو ایمان نہیں لائیں گے اللہ تعالیٰ انہیں سخت عذاب دیگا، مرتد ہونے والوں کا ذکر اور انہیں سخت عذاب کی وعید، ہجرت کرنے والے صبر کرنے والے اور قتال کرنے والے اللہ کے پسندیدہ بندے ہیں۔

## یونٹ نمبر 14: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.14"

- قرآن پڑھنے کا حکم اور شیطان سے پناہ مانگنے کا بیان (98-100)
- نسخ کی حکمت (101)
- قرآن کی اہمیت اور اس کی مفترین کے لئے چیلنج (102-105)
- مرتدین کا بدلہ اور ان کی صفات کا بیان (106-110)
- مھاجرین کا بدلہ (111)

AskIslamPedia Free Online Islamic Encyclopedia

**یونٹ نمبر**15:

14 پارہ ، سورۃ النحل سورۃ نمبر 16 کی آیت نمبر 112 سے لیکر آیت نمبر 119 میں یہ بتایا جارہاہے کہ ، حلال و حرام کا بیان ، اللہ سے جو مغفرت طلب کرے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو معاف کردیتاہے۔

| یونٹ نمبر 15: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.15" |
|---|

- نعمتوں کی ناشکری کرنے والوں کی مثال(112-113)
- حلال و حرام اللہ کے ہاتھ میں ہونے کی دلیل(114-119)

**یونٹ نمبر**16:

14 پارہ ، سورۃ النحل سورۃ نمبر 16 کی آیت نمبر 120 سے لیکر آیت نمبر 128 میں بتایا جارہاہے کہ ابراہیم علیہ السلام ایک امت جیسے تھے، وہ مشرکوں میں سے نہ تھے اور آپ علیہ السلام بہت شکر گزار بندے تھے، یہود کے لیے ہفتہ کے دن کو مقرر کرنے کی وجہ اور اسباب کا بیان، دین کی طرف اچھے اخلاق اور موعظت اور حکمت سے بلانے کا حکم اور جدالِ اَحسن کا بیان، قصاص اور اس سے متعلق احکام و مسائل کا بیان۔

| یونٹ نمبر 16: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.16" |
|---|

- حضرت ابراہیم علیہ السلام کی صفات اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی پیروی کا حکم(120-123)
- یہود اور اصحاب السبت کو دھمکی(124)
- نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور دعاۃ کو چند نصیحتیں(125-128)

AskIslamPedia Gateway for Islamic Information Free Online Islamic Encyclopedia

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# Free Islamic Books

www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)